سوال

(260) سو دفعہ درود پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا درود پڑھنے کے لیے دن میں 100 بار پڑھنے کی تخصیص ہے؟ اگر ہے تو حوالہ درکار ہے۔ (حبیب اللہ پشاور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سو دفعہ پڑھنے والی ضعیف ومردود روایات المعجم الصغیر للطبرانی (ج2ص48ح915) الترغیب والترہیب (ج2ص495) اور اتحاف المتقین (ج5ص51) وغیرہ میں موجود ہیں۔ الزبیدی نے "وہو حدیث حسن" قرار دیا ہے (!)

لہذا سو دفعہ کی قید کے بغیر ہر مسلمان کو چاہیے کہ کثرت سے آپ ﷺ پر درود پڑھے کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا (من صلی علی واحدة صلی اللہ علیہ عشرا) جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے تو اللہ اس پر دس دفعہ رحمتیں نازل فرماتا ہے (صحیح مسلم ح408) (شہادت جنوری 2003)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب الدعاء۔صفحہ486

محدث فتویٰ